پنجاب اینٹی کرپشن میں درخواست / شکایت دائر کرنے کا طریقہ کار

درخواست سٹیمپ پیپر (Stamp Paper) پر لکھ کر درج کروائی جائے۔ مزید براں اگر اضافی صفحات کی ضرورت پڑے تو سادہ پیپر پر لکھ کر ساتھ منسلک کریں۔ درخواست کے ہر صفحہ پر درخواست دہندہ اپنے دستخط کرے۔ درخواست کے ساتھ مندرجہ ذیل معلومات کو یقینی بنایا جائے:۔

01 حلفاً اقرار کیا جائے کہ درخواست میں لکھا گیا متن اور معلومات درخواست دہندہ کے علم اور یقین کے مطابق بالکل درست ہے۔

02 اپنا اور اپنے والد کا نام

03 شناختی کارڈ اور اس کی ایک عدد تازہ فوٹو کاپی

04 پیشہ

05 رہائشی پتہ

06 موبائل فون نمبر / ٹیلی فون نمبر

07 وقوعہ کی تاریخ اور سال

08 جواب دہندہ کا نام اور رہائشی پتہ

09 متعلقہ سرکاری محکمہ اور ملوث سرکاری ملازمین کے نام وعہدہ جات

10 گواہ کا نام

11 گواہ کا شناختی کارڈ اور اس کی ایک عدد تازہ فوٹو کاپی

12 گواہ کا رہائشی پتہ

13 گواہ کا موبائل فون نمبر یا ٹیلی فون نمبر

14 گزشتہ ایک سال میں درخواست دہندہ کی جانب سے دی گئی درخواستوں کی تعداد

15 کیا درخواست دہندہ نے اسی مسئلہ پر کبھی پہلے بھی اینٹی کرپشن پنجاب میں درخواست دی تھی اگر درخواست دی تھی تو اس کا کیا نتیجہ نکلا؟

16 کیا یہی معاملہ کسی دیوانی یا فوجداری عدالت یا کسی دیگر فورم میں زیر التوا تو نہیں ہے؟

17 کیا اسی معاملہ پر کسی دیوانی یا فوجداری عدالت یا کسی دیگر فورم نے فیصلہ تو نہیں دیا؟ اگر دیا ہے تو کیا ہے۔ تفصیل دیں۔

18 درخواست کا متن۔

19 ثبوت میں دی گئی دستاویزات کی فہرست۔

نوٹ:۔ درخواست گزار یا گواہ کے منحرف ہونے کی صورت میں شکایت کنندہ / گواہ کے خلاف دفعہ 182 تعزیراتِ پاکستان کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی جس کی سزا قید بامشقت اور جرمانہ یا دونوں ہو سکتے ہیں۔ اور اگر مدعا علیہ نے جھوٹی درخواست کی صورت میں آپ پر ہتک عزت کا دعویٰ کیا تو محکمہ اینٹی کرپشن پنجاب عدالت میں ریکارڈ فراہم کرے گا۔